# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE ISLAMABAD CAPITAL TERRITORY LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Interior, have the honor to present this report on the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015) [The Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024] (Government Bill) referred to the Committee on 6th August, 2024.

2. The Committee consists of the following:-

| | | |
|---|---|---|
| (1). | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| (2). | Dr. Tariq Fazal Chaudhary | Member |
| (3). | Mr. Muhammad Hanif Abbasi | Member |
| (4). | Chudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| (5). | Ms. Nosheen Iftikhar | Member |
| (6). | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| (7). | Syed Rafiullah | Member |
| (8). | Sardar Nabil Ahmed Gabol | Member |
| (9). | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| (10). | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| (11). | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| (12). | Mr. Muhammad Ijaz-ul-Haq | Member |
| (13). | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| (14). | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| (15). | Mr. Muhammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| (16). | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| (17). | Sahibzada Muhammad Hamid Raza | Member |
| (18). | Mr. Muhammad Arshad Sahi | Member |
| (19). | Mr. Jamshaid Ahmad | Member |
| (20). | Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill, placed at **'Annex-A'** in its meeting held on 13th August, 2024 and proposed the following amendments therein:-

### INSERTION OF NEW CLAUSE 2

In the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024, as introduced in the National Assembly, the existing clause 2 shall be renumbered as clause 3, and thereafter the following new clause 2 shall be inserted, namely:-

"2. **Substitution of section 11, Act X of 2015.** – In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), hereinafter referred to as the said Act, for section 11, the following shall be substituted, namely:-

"**11. Union Council.-** A Union Council shall consist of the following members elected under Chapter V:-

(i) Chairman and Vice Chairman, as joint candidates;
(ii) nine general members;
(iii) three women;
(iv) one peasant or worker;
(v) one youth member; and
(vi) one non-Muslim."."

4. The Committee recommends that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **'Annex-B'** may be passed by the Assembly.

**Sd/-**
**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman

**Sd/-**
**(MUHAMMAD MUSHTAQ)**
Acting Secretary
Islamabad, the 20th August, 2024

# [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

**WHEREAS,** it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 17, Act X of 2015.** — In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), in section 17, in sub-section (3), for the expression "the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)", the expression "the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017)" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to amendment in Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 are that Islamabad Capital Territory Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected Local Government System. The term of Local Government of ICT expired on 14.02.2021 and the Federal Government and the Election Commission are obligated to conduct the elections within 120 days in terms of Section 219 (4) of the Elections Act, 2017.

2. In order to complete necessary arrangements for conduct of Local Government Elections in Islamabad, the ECP asked for issuance of notification regarding number of reserved seats of Metropolitan Corporation Islamabad (MCI) **and amendment in Section-17 of the ICT Local Government Act, 2015 to the effect that "the Representation of the People Act, 1976" should be replaced with "Elections Act, 2017".**

3. As Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976) has been repealed under the Section 241 (d) of the Election Act, 2017, therefore, Section 1 7(3) of the ICT Local Government Act,2015 is required to be amended and words **"the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)** are to be substitute with words **"the Elections Act, 2017".**

-Sd-
**(SYED MOHSIN RAZA NAQVI)**
Minister for Interior

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

**WHEREAS,** it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Substitution of section 11, Act X of 2015.** – In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), hereinafter referred to as the said Act, for section 11, the following shall be substituted, namely:-

"**11. Union Council.**- A Union Council shall consist of the following members elected under Chapter V:-

(i) Chairman and Vice Chairman, as joint candidates;
(ii) nine general members;
(iii) three women;
(iv) one peasant or worker;
(v) one youth member; and
(vi) one non-Muslim.".

3. **Amendment of section 17, Act X of 2015.** — In the said Act, in section 17, in sub-section (3), for the expression "the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)", the expression "the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017)" shall be substituted.

# STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to amendment in Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 are that Islamabad Capital Territory Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected Local Government System. The term of Local Government of ICT expired on 14.02.2021 and the Federal Government and the Election Commission are obligated to conduct the elections within 120 days in terms of Section 219 (4) of the Elections Act, 2017.

2. In order to complete necessary arrangements for conduct of Local Government Elections in Islamabad, the ECP asked for issuance of notification regarding number of reserved seats of Metropolitan Corporation Islamabad (MCI) **and amendment in Section-17 of the ICT Local Government Act, 2015 to the effect that "the Representation of the People Act, 1976" should be replaced with "Elections Act, 2017".**

3. As Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976) has been repealed under the Section 241 (d) of the Election Act, 2017, therefore, Section 1 7(3) of the ICT Local Government Act,2015 is required to be amended and words **"the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)** are to be substitute with words **"the Elections Act, 2017"**.

-Sd-
**(SYED MOHSIN RAZA NAQVI)**
Minister for Interior

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۶/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **راجہ خرم شہزاد نواز** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | ڈاکٹر طارق فضل چوہدری | رکن |
| ۳۔ | جناب محمد حنیف عباسی | رکن |
| ۴۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۵۔ | محترمہ نوشین افتخار | رکن |
| ۶۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۷۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۸۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۹۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۰۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۱۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۲۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۳۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |
| ۱۴۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۷۔ | صاحبزادہ محمد حامد رضا | رکن |
| ۱۸۔ | جناب محمد ارشد ساہی | رکن |
| ۱۹۔ | جناب جمشید احمد | رکن |
| ۲۰۔ | سینیٹر سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۳/اگست، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ ''الف'' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

### نئی شق ۲ کی شمولیت

قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء میں، موجودہ شق۔۲ کو شق۔۳ کے طور پر شمار کیا جائے گا، اور مابعد حسب ذیل نئی شق ۲ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء دفعہ ۱۱ کی تبدیلی۔** علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں دفعہ ۱۱ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۱۔ **یونین کونسل:۔** یونین کونسل باب پنجم کے تحت منتخب کردہ حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہوگی:۔

i. چیئرمین اور وائس چیئرمین بطور مشترکہ امیدواران؛

ii. نو (۹) عمومی اراکین؛

iii. تین (۳) خواتین؛

iv. ایک کسان یا کارکن؛

v. ایک نوجوان رکن؛ نیز

vi. ایک غیر مسلم۔"۔"

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ 'منسلکہ ب' پر موجود قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ بل کو اسمبلی منظور کرے۔

دستخط/۔

**(راجہ خرم شہزاد نواز)**

چیئرمین

دستخط/۔

**(محمد مشتاق)**

قائم مقام سیکرٹری

اسلام آباد، ۲۰/اگست، ۲۰۲۴ء

منسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ مجریہ ۲۰۱۵ء) کی مزید ترمیم اس طریقہ کار سے اور بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے کی جائے:

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:**۔ ایکٹ ہذا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم:** علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) کی دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، عبارت "عوامی نمائندگی ایکٹ، ۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء)"، کو عبارت "انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء)" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترمیم کا سبب بننے والے مختصر حقائق یہ ہیں کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ کو سال ۲۰۱۵ء میں ایک منتخب مقامی حکومت کا نظام قائم کرنے کے لیے نافذ کیا گیا تھا۔ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کی مدت ۱۴/فروری، ۲۰۲۱ء کو ختم ہو گئی تھی اور وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۱۹(۴) کی شرائط کے مطابق ۱۲۰ دنوں میں انتخابات کرانے کے پابند ہیں۔

۲۔ اسلام آباد میں مقامی حکومت کے انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات مکمل کرنے کے لیے الیکشن کمیشن پاکستان نے میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) کی مخصوص نشستوں کی تعداد کے حوالے سے نوٹیفکیشن کے اجراء اور علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷ میں اس حوالے سے ترمیم کرنے کو کہا کہ "عوامی نمائندگی ایکٹ، ۱۹۷۶ء" کو "انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء" سے تبدیل کر دیا جائے۔

۳۔ جیسا کہ عوامی نمائندگی ایکٹ، ۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء) کو انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۴۱(د) کے تحت منسوخ کر دیا گیا ہے، لہذا، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷(۳) ترمیم کی متقاضی ہے اور الفاظ "عوامی نمائندگی ایکٹ ۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء)" کو الفاظ "انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء" سے تبدیل کرنا ہے۔

دستخط/-
(سید محسن رضا نقوی)
وزیر برائے داخلہ

مسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ،۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ،۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ مجریہ ۲۰۱۵ء) کی مزید ترمیم اس طریقہ کار سے اور بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے کی جائے:

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ**:۔ ایکٹ ہذا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ،۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء، دفعہ ۱۱ کی تبدیلی**: علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ،۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء)، جس کا بعدازاں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں دفعہ ۱۱ کو حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۱۔ **یونین کونسل**۔ یونین کونسل باب پنجم کے تحت منتخب کردہ حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہوگی:۔

(i) چیئرمین اور وائس چیئرمین، بطور مشترکہ امیدواران؛

(ii) نو(۹) عمومی اراکین؛

(iii) تین(۳) خواتین؛

(iv) ایک کسان یا کارکن؛

(v) ایک نوجوان رکن؛ اور

(vi) ایک غیر مسلم۔"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء، دفعہ ۱۷ کی ترمیم**: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، عبارت "عوامی نمائندگی ایکٹ،۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء)"، کو عبارت "انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء)" سے تبدیل کردیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ،۲۰۱۵ء میں ترمیم کا سبب بننے والے مختصر حقائق یہ ہیں کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ کو سال ۲۰۱۵ء میں ایک منتخب مقامی حکومت کا نظام قائم کرنے کے لیے نافذ کیا گیا تھا۔ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کی مدت ۱۴/فروری،۲۰۲۱ء کو ختم ہوگئی تھی اور وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن انتخابات ایکٹ،۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۱۹(۴) کی شرائط کے مطابق ۱۲۰ دنوں میں انتخابات کرانے کے پابند ہیں۔

۲۔ اسلام آباد میں مقامی حکومت کے انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات مکمل کرنے کے لیے الیکشن کمیشن پاکستان نے میٹرو پولیٹین کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) کی مخصوص نشستوں کی تعداد کے حوالے سے نوٹیفکیشن کے اجراء اور علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷ میں اس حوالے سے ترمیم کرنے کو کہا کہ "عوامی نمائندگی ایکٹ، ۱۹۷۶ء" کو "انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء" سے تبدیل کر دیا جائے۔

۳۔ جیسا کہ عوامی نمائندگی ایکٹ، ۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء) کو انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۴۱(د) کے تحت منسوخ کر دیا گیا ہے، لہذا، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷(۳) ترمیم کی متقاضی ہے اور الفاظ "عوامی نمائندگی ایکٹ ۱۹۷۶ء (نمبر ۸۵ بابت ۱۹۷۶ء)" کو الفاظ "انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء" سے تبدیل کرنا ہے۔

دستخط/۔
(سید محسن رضا نقوی)
وزیر برائے داخلہ